**16.08.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................ شبانہ رحمٰن
**Music**

☆ اسرو نے، کرۂ ارض کا مشاہدہ کرنے والے سیٹیلائٹ EOS-08 کو سری ہری کوٹا سے کامیابی کے ساتھ خلا میں بھیجا ہے۔
☆ انڈین میڈیکل ایسو سی ایشن نے کولکتہ میں ایک خاتون ڈاکٹر کی مبینہ آبر ریزی اور قتل کے خلاف احتجاج میں کل سے پورے ملک میں غیر ایمرجنسی خدمات روک دینے کا فیصلہ کیا ہے۔
☆ انتخابی کمیشن آج دوپہر اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کرے گا۔
☆ جموں و کشمیر پولیس نے جموں کے 8 ضلعوں میں دہشت گردی کی روک تھام کے 19 یونٹ قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔
☆ اور...... تھائی لینڈ کی پارلیمنٹ نے پائی تونگ ترن شِناوَترا کو ملک کا نیا وزیراعظم منتخب کیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے...........

**ISRO Satellite**

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اسرو نے آج صبح کرہ ٔ ارض کے مشاہدے سے متعلق سیٹلائٹ اور اس کے ساتھ ساتھ SR-0 Demo Sat سیٹلائٹ کو بھی کامیابی کے ساتھ خلا میں چھوڑا ہے۔ خلائی راکٹ SSLV کی یہ تیسری ترقیاتی پرواز ہے اور اس سے یہ ثابت ہوگیا ہے کہ بھارت مائیکرو Mini اور نینو سیٹلائٹ کو خلا میں چھوڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ خلائی راکٹ کے تینوں مرحلے کامیاب رہے اور ٹھیک ڈھنگ سے کام کیا۔ دونوں سیٹلائٹس کو 475 کلومیٹر کے Circular مدار میں پہنچادیا گیاہے اور شمسی پینل لگائے گئے ہیں۔ اسرو کے مختلف زمینی مراکز سے ان پر نظر رکھی جارہی ہے۔
خلائی راکٹ SSLV D-3 سری ہری کوٹا میں ستیش دھون خلائی مرکز سے آج صبح 9 بجکر 17 منٹ پر روانہ ہوا۔ خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اسرو نے SSLV تیار کیاہے جو 500 کلوگرام تک کے سیٹلائٹ کو کرۂ ارض کے نچلے مدار میں پہنچانے کی

صلاحیت رکھتا ہے۔ اسرو نے چھوٹے سیٹلائٹس کو خلا میں پہنچانے کے مارکیٹ رجحان کے مدنظر یہ قدم اٹھایا ہے۔
کامیاب لانچ کے بعد اسرو کے چیئرمین سومناتھ نے کہا کہ نئے خلائی راکٹ D-1، D-2 اور D-3 تیار کئے جانے سے خلائی تکنیک کے شعبے میں نئے راستے تلاش کرنے کیلئے اسرو کے سائنسدانوں کے اعتماد میں اور زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ یہ خلائی راکٹ عالمی Navigation سیٹلائٹ نظام پر مشتمل Payloads لے کر گیا ہے۔ یہ نگرانی، قدرتی آفات اور ماحولیات پر نظر رکھنے، آگ کا پتہ لگانے، آتش فشاں پہاڑوں کی صورتحال نیز صنعتی اور بجلی پلانٹس میں تباہی جیسے واقعات کے تعلق سے دن رات infrared تصویریں بھیجے گا۔

## Chairman Press Meet

اسرو کے چیئرمین سومناتھ نے کہا ہے کہ اس سال کے آخر میں، گگن یان کا پہلا، بغیر انسان والا مشن، خلا میں بھیجے جانے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ اسرو میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ راکٹ کے سبھی حصے، ستیش دھون خلائی مرکز پہنچ گئے ہیں اور انھیں جوڑا جائے گا، تاکہ اس مشن کو بھیجنے کے لئے تیار رکھا جاسکے۔ ڈائرکٹر نے کہا کہ گاما شعاعوں کی توسیع، UV تابکاری کی شدت اور خلا میں انتہائی درجے کی تابکاری پر قابو پانے والے حساس آلات کی پیمائش کی جائے گی تاکہ انسانی مشن میں خلا نوردوں کی حفاظت کی جاسکے۔

## IMA

انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن نے پورے ملک میں کل صبح چھ بجے سے ایمرجنسی خدمات کو چھوڑ کر دیگر شعبوں میں 24 گھنٹے کام نہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کولکاتہ میں سرکار کے زیرِ انتظام چلنے والے R.G.Kar میڈیکل کالج اسپتال میں ایک زیرِ تربیت خاتون ڈاکٹر کی مبینہ آبروریزی اور قتل، نیز بعد میں وہاں توڑ پھوڑ کے واقعے کے خلاف احتجاج کرنے کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ طبی ادارے نے ایک بیان میں کہا کہ لازمی خدمات برقرار رہیں گی اور Casualty وارڈس میں بھی کام کاج جاری رہے گا۔ IMA نے کہا کہ OPD کام نہیں کریں گے اور ایسے آپریشن نہیں کیے جائیں گے جن کے لیے پہلے سے تاریخ طے کی گئی تھی۔ کام کاج نہ کرنے کا یہ فیصلہ اُن سبھی شعبوں کے لئے کیا گیا ہے، جہاں جدید میڈیسن ڈاکٹرس، خدمات فراہم کررہے ہیں۔ اسی دوران بھارتیہ جنتا پارٹی کا مہیلا مورچہ، جو BJP کا خواتین کا سیل ہے، آج کولکتہ میں ایک خاموش کینڈل مارچ نکالے گا۔

## WB- PM- Doctor

Dermatologist ، Venereologist اور Leprologist کی بھارتی ایسو سی ایشن نے وزیراعظم نریندر مودی کو ایک خط لکھا ہے، جس میں کولکتہ میں ایک ڈاکٹر کی آبرو ریزی اور قتل کیس میں انصاف مانگا ہے۔
دوسری طرف انڈین میڈیکل اسو سی ایشن نے 17 اگست کو صبح چھ بجے سے 18 اگست صبح چھ بجے تک 24 گھنٹے کے لئے

ڈاکٹروں کی خدمات ملک گیر طور پر روکنے کا اعلان کیا ہے۔ البتہ سبھی خدمات برقرار رہیں گی۔ سوشلسٹ یونٹی سینٹر آف انڈیا کمیونسٹ نے ڈاکٹروں پر حملے کے احتجاج میں 12 گھنٹے کی ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔

اسی دوران BJP نے ریاست بھر میں احتجاج کا اعلان کیا ہے جس میں آج دوپہر دو بجے سے سہ پہر چار بجے تک سڑکوں پر آمد و رفت روکی جائے گی۔

CBI آج کولکتہ میں CGO کمپلیکس میں اسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سے بھی پوچھ تاچھ کررہی ہے۔ ایجنسی نے کل آبرو ریزی اور قتل کے اس کیس میں 9 افراد کو گرفتار کیا تھا اور 26 کو نوٹس جاری کیا تھا۔

## Atal Death Anniversary

آج سابق وزیراعظم اور بھارت رتن اٹل بہاری واجپئی کو اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔ نئی دلی میں اٹل بہاری واجپئی کی سمادھی Sadaiv Atal پر ایک دعائیہ جلسے کا اہتمام کیا گیا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے اٹل جی کی سمادھی پر عقیدت کے پھول نذر کیے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے ساتھ ساتھ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اور راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش سمیت دیگر ممتاز لوگوں نے بھی اٹل بہاری واجپئی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اٹل بہاری واجپئی ایک عظیم مقرِّر اور شاعر تھے اور وہ طویل عرصے تک BJP کی ایک پہچان رہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ اٹل بہاری واجپئی کو، ملک کی تعمیر میں اُن کے بے مثال تعاون پر یاد رکھا جائے گا۔ انھوں نے اٹل بہاری واجپئی کے، اس بات کو یقینی بنانے کی جانب خود کو وقف کردینے کا بھی خاص طور پر ذکر کیا، کہ شہری بہتر معیار زندگی کے ساتھ جی سکتے ہیں۔

## ECI

انتخابی کمیشن، جموں و کشمیر اور ہریانہ میں اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان اب سے کچھ دیر بعد کرنے والا ہے۔ ہریانہ اور جموں و کشمیر کے ساتھ ساتھ، اسمبلی انتخابات، مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں کرائے جانے ہیں۔ حال ہی میں انتخابی کمیشن کی ایک ٹیم نے، آئندہ اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لئے جموں و کشمیر اور ہریانہ کا دورہ کیا تھا۔

## J&K Counter Terror

جموں وکشمیر میں جموں کے تمام آٹھ ضلعوں میں پولیس نے انسداد دہشت گردی کی 19 خصوصی یونٹ قائم کئے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبردی ہے کہ یہ یونٹ جدید ترین وسائل اور تربیت سے لیس ہوں گی۔ ان سے جموں خطے میں دہشت گردانہ سرگرمیوں کو خاطر خواہ طور پر کم کیا جاسکے گا۔ ان میں سے ہر یونٹ کی قیادت پولیس کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کریں گے اور انہیں متعلقہ اضلاع میں مستقل طور پر تعینات کیاجائے گا۔

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے نے آج مشرقی راجستھان، چھتیس گڑھ، رائل سیما اور کرناٹک کے جنوبی اندرونی حصوں میں کہیں کہیں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔IMD کے مطابق تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل اور گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال کے حصوں میں کہیں کہیں کل تک بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے مدھیہ پردیش، ودربھ، چھتیس گڑھ، کیرالہ، ماہے، لکشدیپ اور کرناٹک میں اس ہفتے کے دوران دور دور تک ہلکی سے اوسط بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہاہے کہ کونکن، گوا، گجرات، ساحلی آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں آئندہ سات روز کے دوران دور دور تک بارش کا امکان ہے۔

**ThailanD Parliament**

تھائی لینڈ کی پارلیمنٹ نے آج 'پائی تونگ ترن شِناوَترا' کو ملک کا نیا وزیراعظم منتخب کیا ہے۔ وہ سابق وزیراعظم تھکسِن شِناوَترا کی سب سے چھوٹی بیٹی ہیں۔ 37 سالہ خاتون، سیاست میں حال میں داخل ہوئی ہیں اور وہ برسر اقتدار ''فِیو تھائی پارٹی'' کی رہنما ہیں۔

'پائی تونگ ترن' کی نامزدگی، بدھ کو، وزیراعظم سریتھا تھاویسِن کے ہٹائے جانے کے بعد کی گئی ہے، جو اپنے عہدے پر ایک سال سے بھی کم مدت تک برقرار رہے۔ آئینی عدالت نے اُنھیں مبینہ رشوت ستانی کی کوشش میں ایک گہری اخلاقی خلاف ورزی کا مرتکب پایا تھا۔ اسی عدالت نے پچھلے ہفتے، ترقی پسند Move Forward پارٹی کوتحلیل کردیا تھا، جس نے پچھلے سال کے عام انتخابات میں کامیابی حاصل کی تھی۔ البتہ اُسے اقتدار میں نہیں آنے دیا گیا تھا۔ پائی تونگ ترن، شِناوَترا کنبے کی تیسری رہنما ہیں۔ تھکسِن شناوَترا کو پچھلے سال جلاوطنی سے واپس آنے سے پہلے ایک بغاوت میں معزول کردیا گیا تھا۔

**Jaishankar Kuwait**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اِس مہینے کی 18 تاریخ کو کویت کے سرکاری دورے پر جائیں گے۔ وہ کویت کے اپنے ہم منصب عبداللہ علی الیحیٰ کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ امید ہے کہ ڈاکٹر جے شنکر کویت کے رہنماؤں سے بھی ملیں گے۔ اُن کے اِس دورے سے دونوں ملکوں کو مختلف شعبوں میں باہمی تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینے کا موقع ملے گا۔ اِن شعبوں میں سیاسی، تجارتی، سرمایہ کاری، توانائی، سکیورٹی، ثقافتی، قونصل خانے اور عوام سے عوام کے رابطے شامل ہیں۔ دونوں فریق علاقائی اور باہمی مفاد کے بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال بھی کریں گے۔

**MEA Global South**

بھارت کل ترقی پذیر اور کم ترقی یافتہ ملکوں کی سربراہ کانفرنس کی میزبانی کرے گا۔ اِس کا موضوع ہے: ''ایک پائیدار مستقبل کے لیے بااختیار Global South'' وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ یہ سربراہ کانفرنس اُن مختلف پیچیدہ چیلنجوں پر سابقہ سربراہ میٹنگوں میں کئے گئے تبادلہ خیال کو وسعت دینے کا ایک وسیلہ ثابت ہوگی، جن سے دنیا کے ممالک اب بھی متاثر ہو رہے

ہیں۔ اِن میں محاذ آرائی، خوراک اور توانائی کی یقینی فراہمی کے بحران اور آب و ہوا کی تبدیلی جیسے چیلنج شامل ہیں۔
تیسری سربراہ کانفرنس ورچوئل طریقے سے ہوگی۔ اِس میں لیڈروں کے اجلاس اور وزارتی اجلاس ہوں گے۔ افتتاحی اجلاس سربراہانِ مملکت و حکومت کی سطح پر ہوگا اور وزیراعظم نریندر مودی اِس کی میزبانی کریں گے۔

☆☆☆